3012E240

Candidate's Seat No :__________

M.A. Sem.-3 Examination

502

Urdu Khutoot Nigari

December 2020

Time : 2-00 Hours] **[Max. Marks : 50**

ہدایت : یہ سوالیہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصۂ اوّل میں کل آٹھ (۸) سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی تین کے جوابات لکھنا ضروری ہے۔ حصۂ دوّم میں کل سولہ (۱۶) معروضی سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی آٹھ کے جوابات لازمی ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

(حصۂ اوّل)

سوال : ۱ مکتوب نگاری کے فن پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۲ اردو میں خطوط نگاری کا آغاز اور اس کی نشو نما کا جائزہ لیجئے۔ ۱۴

سوال : ۳ ''خطوطِ غالبؔ نے اردو خطوط نگاری کو ایک نیا موڑ دیا۔'' اس قول پر مدلل بحث کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۴ پریم چند کی مکتوب نگاری کا سیر حاصل جائزہ لیجئے۔ ۱۴

سوال : ۵ مولانا ابو الکلام آزاد کی مکتوب پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۶ قرۃ العین حیدر کی مکتوب نگاری پر بحث کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۷ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی ایک عنوان پر لکھیے۔ ۱۴

(۱) اردو کا اوّلین خطوط نگار خواجہ غلام غوث بیخبرؔ

(۲) غبارِ خاطر

سوال : ۸ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی ایک عنوان پر لکھیے۔ ۱۴

(۱) نذیر فتح پوری کی مکتوب نگاری

(۲) الطاف حسین حالیؔ کی مکتوب نگاری

(P.T.O.)

(حصہ دوم)

سوال : ۹ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی آٹھ (۸) معروضی سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۸

(۱) "مکتوب الیہ" سے کیا مُراد ہے؟
(۲) "انسان کا بہترین مطالعہ انسان ہے۔" یہ کس ادیب نے کہا ہے؟
(۳) سب سے پہلا منظوم خط لکھنے کا سہرا کس ادیب کے سر ہے؟
(۴) کس مغربی ادیب کو خطوط نگاری کا "باوا آدم" کہا جاتا ہے؟
(۵) "خط اپنی باتیں خود پیدا کرلیتا ہے۔" یہ کس کا قول ہے؟
(۶) غالبؔ کے دوسرے خطوط کے مجموعے کا نام کیا ہے؟
(۷) کس کے خطوط اپنے وقت کا آئینہ قرار دیئے جاتے ہیں؟
(۸) اسلام کی آمد کے بعد خطوط نگاری کے لئے کس نام سے ادارہ بنایا گیا؟
(۹) "غبارِ خاطر" کے خطوط مولانا ابوالکلام آزاد نے کس کے نام لکھے تھے؟
(۱۰) "خطوط میں جو جادو ہے وہ کسی ادا میں نہیں۔" یہ قول کس ادیب کا ہے؟
(۱۱) ۱۹ویں صدی میں برطانوی حکومت کے کن دو اقدام سے خطوط نگاری کو فروغ ملا؟
(۱۲) "نجی خط صرف دو آدمیوں کا معاملہ ہے۔" یہ کس نے کہا ہے؟
(۱۳) کس مغربی ادیب نے خطوط کو ادب کی ایک شاخ قرار دیا ہے؟
(۱۴) پنجابی اور انگریزی الفاظ کی آمیزش کس کے خطوط میں پائی جاتی ہے؟
(۱۵) "خطوط کو دلی خیالات کا روزنامچہ اور اسرارِ حیات کا صحیفہ" کس نے کہا ہے؟
(۱۶) "سوانح نگاری کے بہترین مآخذ خطوط ہیں۔" یہ کس ادیب کا قول ہے؟

---پایان---